ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(132)

مورخہ 09.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں 14 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی یزمان، تھانہ اوچشریف، تھانہ دھوڑ کوٹ، پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 355 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ سول لائینز، تھانہ صدر بہاولپور، تھانہ خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 04 کلو 780 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ کوتوالی، تھانہ بغدادالجدید، تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد رائفل، 03 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریپیٹر اور 01 عدد کاربین برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(133)

مورخہ 09.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے حوالے سے سیکیورٹی انتظامات مکمل۔ضلع بھر کی مساجد، امام بارگاہوں، مذہبی عبادتگاہوں،رمضان بازار اور افطار دستر خوانوں پر 2100 سے زائدافسران وجوان سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔مساجد،امام بارگاہوں اور مذہبی عبادتگاہوں کی سیکیورٹی کوفول پروف رکھا جائے،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی،،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مساجد، امام بارگاہوں، رمضان بازار اور افطار دستر خواں کی حفاظت کے لئے انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ضلع میں 472 مساجد و امام بارگاہوں پر 2100 سے زائد پولیس آفیسران وجوان ڈیوٹی پر مامور کئے گئے ہیں۔حکومت پنجاب کی طرف سے ضلع بھر میں قائم کردہ رمضان بازاروں اور افطاردسترخواں پرعوام الناس کی حفاظت کے پیش نظر ڈیوٹی کو یقینی بنائیں۔ایس ایچ اوز احترام رمضان المبارک آرڈیننس اور حکومت پنجاب کی ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔رمضان المبارک کے دوران ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکوارڈ اور محافظ اسکارڈ اپنی گشت نماز کے اوقات میں مساجد اور امام بارگاہوں کے اردگرد رکھیں گی۔خاص طور پر نماز تراویح،نماز فجر اور جمعتہ المبارک کے اوقات میں مساجد کے اردگرد کڑی نگاہ رکھیں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنے اپنے علاقہ میں مساجد/امام بارگاہوں کی انتظامیہ کو اور ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو ڈیوٹی کی حساسیت بارے بریف کریں۔جملہ ایس ایچ اوز نماز پنجگانہ،تراویح اور جمع المبارک کے اجتماعات کے وقت اپنے اپنے تھانوں کی حدود میں متعین نفری کو چیک کر کے اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ڈیوٹی پر موجود افسران و جوان وقت مقررہ پر پہنچ چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے دوران ضلع بھر میں اہم عمارات، حساس تنصیبات، شاپنگ سنٹرز، ہوٹلز اور بس اسٹینڈ پر سکیورٹی کے انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ضلع بھر کی ڈیوٹی کو مانیٹر کرنے اور کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لئے کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ضلع بھر کی مساجد،امام بارگاہوں ومذہبی عبادتگاہوں کے حوالے سے سکیورٹی پلان جاری